Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۳ شعبان المعظم ۱۳۵۶ھ مطابق ۹ اکتوبر ۱۹۳۷ء

احکام اجلاس عالی مرتبت منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۲
۲	حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۳
۳	حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ	،،
۴	نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۴، ۵
۵	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۶ لغایتہ ۸
۶	نقشہ بارش	۹
۷	نقشہ نرخ اجناس	۱۰

مطبوعہ عالیہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اطلاع

۲۹ ستمبر ۱۹۳۶ء

عالی مرتبت منسٹر صاحبان بہادر و سکریٹری صاحبان بہادر و افسران صیغہ جنکو اختیارات تقرر حاصل ہیں۔ آیندہ سے کسی جگہ پر کسی شخص کا عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس سے اوس کے چال چلن کے متعلق رپورٹ حاصل کئے بغیر تقرر نکریں اس حکم کی سختی سے پابندی کیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل عالی مرتبت منسٹر صاحبان بہادر کی خدمت میں بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

تعطیل

۲ اکتوبر ۱۹۳۶ء

خانبہادر مسٹر مسعود الحسن صاحب سابق چیف منسٹر ریاست ہذا کا یکم اکتوبر ۱۹۳۶ء کو انتقال ہو گیا حسب ایمائے ہمایوں تاریخ امروزہ کی عام تعطیل برائے جملہ مدارس - دفاتر و عدالتہائے ریاست منظور کیجاتی ہے۔

تجہیز و تکفین کی رسم آج بمقام مرادآباد دن کے ۴ بجے ہوگی لہذا جو ملازمان شریک ہونا چاہیں وہ مرادآباد جا سکتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر دربار

تصحیح

۶ر اکتوبر ۱۹۳۶ء

بابو شیو گوبند لال باشندہ علاقہ غیر کا تقرر برائے چھ ماہ بمشاہرہ [illegible] ماہوار بعہدہ ہیڈ کلرک و سکریٹری ڈیولپمنٹ بورڈ بجائے منشی بابر علیخاں مستعفی ۲۶ر اگست ۱۹۳۶ء کو منظور ہوا ہے۔ اس میں میعاد من ابتدائے ۲۷ر جولائی ۱۹۳۶ء لغایتہ ۲۷ر جنوری ۱۹۳۷ء کی بجائے ۲۷ر جولائی لغایتہ ۲۶ر جنوری ۱۹۳۷ء ہونا چاہیئے۔

لہذا حکم ہوا کہ

میعاد تقرر کی تصحیح ۲۷ر جولائی لغایتہ ۲۶ر جنوری ۱۹۳۷ء منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام تصحیح جاری ہوں

دستخط عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ

رخصت

۵ر اکتوبر ۱۹۳۶ء

معروضہ درخواست ملفوفہ رخصت بوضع تنخواہ تین یوم از ۲ر لغایتہ ۴ر اکتوبر ۱۹۳۶ء مسمی الطاف علیخاں مستری بجلی گھر مشاہرہ واقعی ۳۵ روپیہ ماہوار بوجہ علالت خود مع تحریر انجینئر صاحب روشنی برقی مشعر منظوری رخصت بوضع سالم تنخواہ ایک یوم بوجہ عدم استحقاق رخصت اتفاقیہ درعایتی۔

حکم

حسب رپورٹ انجینئر صاحب برقی ایک یوم کی رخصت بوضع تنخواہ الطاف علیخاں مستری منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ

حصہ دوم

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہوم کورٹ رامپور سٹیٹ

فہرست مقدمات جنکی پیشی ابتدائے یکم اکتوبر تا نہایت ۶ اکتوبر ۱۹۳۰ء بعدالت ہائیکورٹ ہوئی برغرض اشاعت گزٹ میں سکرٹری کورٹ کو مرسلہ ۸ اکتوبر ۱۹۳۰ء دستخط عالیجناب چیف جسٹس صاحب بہادر

تاریخ پیشی	نمبر	نام اجلاس	نام فریقین	کیفیت مقدمہ	نتیجہ
			تعطیل جمعہ		
			تعطیل انتقال عالیجناب آنریبل صاحب چیف منسٹر سابق		
۲		عالیجناب چیف جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	شاہ بانو بیگم بنام احمد علی خاں	ابتدائی دیوانی بدعوی انتقالِ حقیت	بوجہ تعطیل اتفاقیہ ۲ اکتوبر مقدمہ ہذا آج پیش ہوکر حکم ہوا کہ مقدمہ ۱۱ اکتوبر کو پیش ہو
"	"	مسٹر جسٹس محمد شفیع صاحب بہادر	حفیظ احمد بنام امداد وغیرہ	اپیل " الاملاک	" " " مقدمہ ملتوی ہوکر ۹ اکتوبر کو پیش ہو
"	"	"	نیاز احمد خاں بنام خدا بخش وغیرہ	" " " املاک	" " " لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر ۱۱ " "
"	"	"	علی بہادر بنام تعدیو وغیرہ	" " " دخل اراضی	آج بھی وکیل سپانڈنٹ کی بحث ختم نہ ہوئی اور وقت ختم ہوگیا لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر ۹ اکتوبر کو پیش ہو
"	"	"	محمد حسین خاں بنام شوکت سلطانی بیگم	اپیل دیوانی بجوہ سوگی نجات منسوخی ڈگری	حکم عدالت ماتحت بحال کیا جاتا ہے خرچہ فریقین ذمہ فریقین رہیگا۔
"	"	عالیجناب چیف جسٹس صاحب بہادر	محمد نبی اپیلانٹ بنام سرکار رامپور	" فوجداری بجرم دفعہ ۳۷۳ ت	آج دیگر کار سرکار سے فرصت نہیں ہے لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر تاریخ ۱۱ اکتوبر کو پیش ہو
			تعطیل یوم بعثت		
۴		"	محمود حسین بنام مسعود احمد	نگرانی " " دفعہ ۴۲۲ ت	بعد سماعت بحث زیر تجویز
"	"	"	محمود شفیق اپیلانٹ بنام شوکت علی	" " " " " "	نگرانی ہذا نامنظور ہو حکم عدالت ماتحت منسوخ ہو ...
"	"	مسٹر جسٹس سید عبدالسلام صاحب بہادر	شاہ سکندر بیگم بنام عاشق علی	اپیل دیوانی بدعوی تقرری جائداد	۴ اکتوبر کو اتفاقیہ تعطیل ہوگئی اسلئے یہ مقدمہ آج ملتوی ہوکر ۱۹ اکتوبر کو پیش ہو
"	"	"	ہادی علی وغیرہ بنام مقبول حسن	" " " زر کرایہ مکان	" " " " " " ۳۰ " "
"	"	"	محمد حسین بنام شاہجہاں علی	" " " الاملاک زر ڈگری	آج بوجہ شرکت کمیٹی فرصت نہیں ہے اسلئے نوبت پیشی مقدمہ نہیں آئی لہذا مقدمہ ۱۳ اکتوبر کو پیش ہو
"	"	"	سید شجاعت علی بنام میاں جی	" " " عدم ادائیگی خرچہ	وکیل اپیلانٹ بیمار ہیں درخواست التواء منظور ہوئی لہذا مقدمہ یکم نومبر کو پیش ہو
"	"	حسب حکم جناب چیف جسٹس صاحب	اسکالا زردگی بنام فیض احمد	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	اسسٹنٹ وکیل سرکار نے درخواست التواء مقدمہ پیش کی " " ملتوی ہوکر ۱۰ اکتوبر کو پیش ہو
"	"	"	اچھن خاں وغیرہ بنام سرکار رامپور	اپیل فوجداری " $\frac{325}{147}$ ت	۴ اکتوبر کو اتفاقیہ تعطیل ہوگئی اسلئے آج یہ مقدمہ ملتوی ہوکر ۱۳ اکتوبر کو پیش ہو
"	"	"	امید علی وغیرہ بنام بنام بہادر وغیرہ	" " " $\frac{252}{344}$ ت	وکلاء فریقین بحث کے لئے تیار نہیں ہیں لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر ۱۶ اکتوبر کو پیش ہو
"	"	"	ارتضیٰ علی بنام حفیظ اللہ خاں	ابتدائی دیوانی بدعوی دلاپانے خرچہ	آج دو گواہ مدعی کے بیانات قلمبند ہوئے مقدمہ برائے بحث ۱۵ نومبر کو پیش ہو
"	"	چیف جسٹس صاحب بہادر و مسٹر جسٹس محمد شفیع خاں صاحب بہادر	مہدی اپیلانٹ بنام سرکار رامپور	اپیل ہذا ناشی حکم ذاتِ عدالت سیشن سزائے موت بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	اپیل نامنظور ہو۔ حکم سزائے موت صادرہ حاکم سیشن بحال رہے
"	"	"	وزیر قیدی اپیلانٹ	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۹۵ ت	بعد سماعت بحث زیر تجویز
"	"	"	بہرام سنگھ قیدی " " "	" " ۳۰۲ ت	"

	دائرہ مرتبہ سشن / جسٹس ارشاد علی خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام اکبر ملزم	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	آج یک کس گواہ ثبوت کا بیان قلمبند ہوا۔ پیشی کیلئے مقدمہ کل پیش ہو
	//	ذوری لال بنام کمن لال وغیرہ	اپیل دیوانی بدعوے داخل کرنے زر کی نیلام جائداد	آج بوجہ سماعت مقدمہ سیشن و شرکت کیفیت فرصت نہیں ملی لہذا یہ مقدمہ ملتوی ہوکر تاریخ ۲۰ اکتوبر پیش ہو۔
//	//	سرکار بہادر بنام اکبر ملزم	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ (چہیپ)	آج دو کس گواہان ثبوت کے بیانات قلمبند ہوئے بقیہ ثبوت کے تے مقدمہ ۲۰ اکتوبر کو پیش ہو۔
//	مسٹر جسٹس ارشاد علی خاں صاحب بہادر	کبیر الدین بنام حفیظ اللہ	اپیل دیوانی بدعوے لاحق شفعہ دکان	بوجہ علالت وکیل اپیلانٹ مقدمہ ملتوی ہوکر یکم نومبر کو پیش ہو
//	//	حفیظ اللہ بنام کبیر الدین	// // // // //	بوجہ علالت وکیل رسپانڈنٹ مقدمہ ملتوی ہوکر یکم نومبر کو پیش ہو
//	مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	امداد حسین بنام سرکار بہادر ذریعہ بابو رام مدعی	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۲۴ ت	امداد حسین قیدی اپیلانٹ بروئے صلحنامہ بری ہو۔
//	//	محبوب علی خاں مدعی بنام منظور النبی خاں وغیرہ	ابتدائی دیوانی نسبت تقسیم جائداد	قرعہ جات مرتبہ امین صحیح نہیں ہیں اور ان کو نامنظور کیا جاتا ہے۔ امین دوبارہ قرعہ جات مرتب کرکے پیش کرے۔

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم

۳۰ر ستمبر ۱۹۳۰ء

بجنسہ رپورٹ ہیڈ اکونٹنٹ صاحب صیغہ مال بدیں مضمون کہ منشی معظم علیخان اور بابو داس مل محصل تحصیل تبنات ہیں اور قاضی دخیل محمد تحصیل بلاسپور میں تعینات ہیں اگر سہ براہلکاران تحصیلات متعلق کی پرشتہ بدلت سے تنخواہ پائیں گے جس بظاہر گنجائش موجود ہے بس تمام پر اگر کمی ہوگی تو زر مد منتقلی وہ کمی پوری کرادیجائیگی

حکم

ہیڈ اکونٹنٹ صاحب صیغہ مال کی رپورٹ مناسب ہے۔ لہٰذا منظوری دیجاتی ہے صدر سے احکام ضابطہ جاری کیے جائیں

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تبادلہ

۷ر اکتوبر ۱۹۳۰ء

کاغذات ملاحظہ ہوئے منشی برج سروپ واصلباقی نویس تحصیل ملک کا تبادلہ بعوض واصلباقی نویسی تحصیل بلاسپور کی جگہ کیا جاتا ہے اور کم از کم تین سال تک اسکو بلاسپور سے تبدیل نہ کیا جائے گا۔

۲۔ منشی غریب نواز بہادر واصلباقی نویس بلاسپور کے کام کی بہی شکایت ہے اور اس سے تحصیل ملک جیسی بڑی تحصیل کا کام باسلوبی انجام پانے کی امید کم ہے۔ اس لئے منشی غریب نواز بہادر کو تحصیل شاہ آباد کے واصلباقی نویس کی جگہ تبدیل کیا جاتا ہے۔

۳۔ منشی دوارکا پرشاد واصلباقی نویس تحصیل شاہ آباد کو تحصیل ملک کی واصلباقی نویسی پر تبدیل کیا جاتا ہے ہر سہ واصلباقی نویسیان اپنی اپنی موجودہ تنخواہیں پائیں گے۔ صدر سے احکام تبادلہ فوراً جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۷ر اکتوبر ۱۹۳۰ء

بجنسہ رپورٹ ڈسٹرکٹ ناظم صاحب بدیں مضمون کہ منشی محمد علیخان رجسٹرار قانونگوئے سوار کی رخصت علالت یکماہ از یوم استفادہ منظور فرمائی جائے۔ اور زمانہ رخصت منشی محمد علیخان میں یہ انتظام کیا جائے کہ منشی حسین احمد نائب رجسٹرار قانونگوئے بلاسپور۔ رجسٹرار قانونگوئے تحصیل سوار کا کام انجام دیں تحصیلدار صاحب بلاسپور حسین احمد کی جگہ کسی ہوشیار پٹواری سے کام لیں تنخواہ میں تغیر نہیں ہو سکتا ہے۔ اسلئے کہ بجٹ پٹواری فنڈ میں گنجائش نہیں ہے۔ مصدقہ آڈٹ سیکشن۔

حکم

منشی محمد علیخان رجسٹرار قانونگوئے تحصیل سوار کی رخصت علالتی یکماہ از یوم استفادہ بغرض علاج علالت خود منظور کیجاتی ہے استحقاق رخصت تحریر فائنانس ڈپارٹمنٹ سے ثابت ہے۔ ایام رخصت میں منشی حسین احمد نائب رجسٹرار قانونگوئے تحصیل بلاسپور رجسٹرار سوار کا کام انجام دیں گے۔ اور تحصیلدار صاحب بلاسپور حسین احمد کی بجائے کسی ہوشیار پٹواری سے کام لیں گے۔ بوجہ عدم گنجائش بجٹ پٹواری فنڈ تنخواہ میں کوئی تغیر نہیں ہوگا۔ منشی محمد علیخان کو بعد ختم رخصت پر واپس آنا چاہئے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری کیے جائیں۔ دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

باریابی

یکم اکتوبر سنہ حال کو بروز جمعہ بوقت تین بجے سہ پہر بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم نے حسب ذیل صاحبان کو شرف باریابی بخشا۔

۱- منشی صولت علیخان صاحب — بلاسپور دروازہ
۲- حکیم نبی احمد خان صاحب
۳- مسٹر شبر علی خان صاحب مختر مبونیسپلٹی صاحب — باغ بختہ

حکم ہوا کہ

درج گزٹ کیا جائے ۲ر اکتوبر ۱۹۳۶ء — دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

باریابی

آج بوقت تین بجے سہ پہر بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم نے حسب ذیل صاحبان کو شرف باریابی بخشا۔

۱- منشی سلامت علیخان صاحب — آنریری مجسٹریٹ
۲- منشی بھگت بہاری لال صاحب — سابق فنانس سکریٹری
۳- میجر اسد علی خان صاحب — پنشنر
۴- مسٹر زاہد علی صاحب — مال روڈ
۵- صاحبزادہ سید عطا علیخان صاحب بہادر — محلہ چاہ شور
۶- مسٹر عبدالقادر خان صاحب بی اے — محلہ چاہ شور
۷- مسٹر شبیر علیخاں صاحب سابق مسٹر جج — محلہ گھیر جوڑ ٹوڈہ

حکم ہوا کہ

درج گزٹ کیا جائے ۸ر اکتوبر ۱۹۳۶ء

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر

اعلان

۷ اکتوبر ۱۹۳۶ء

ایک اسامی بذریعہ اسسٹنٹ سرجن (ریزرو اخیرا) کی آسامی میڈیکل ڈپارٹمنٹ میں خالی ہے۔ تنخواہ سو روپیہ سے ایک سو چالیس تک ہوگی۔ امیدواران کی درخواستیں ۲۰ ماہ حال تک دفتر ہذا میں پہونچ جانا چاہئیں۔

دستخط صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر

حکم ناظم صاحب

رخصت

۱۳ اکتوبر ۱۹۳۶ء

بتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد بدیں مضمون کہ پٹواری حلقہ نے ایک ماہ کی رخصت کی درخواست ڈاکٹری سارٹیفکٹ سے دی تھی لیکن منظوری آنے میں دیر ہوئی متعلقہ کی حالت بوجہ زیادتی مرض خراب ہوگئی اسلئے بموجب حکم منشی رادھے شیام تحصیلدار متعلقہ کو چارج حلقہ دلادیا گیا مصدقہ آڈٹ سیکشن۔

حکم

صدور احکام بابتہ منظوری رخصت جاری ہوں۔

دستخط ناظم صاحب

حکم ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

رخصت

بتہ درخواست رخصت مصطفی علیخان کامدار محکمہ زراعت باستدعائے منظوری رخصت علالتی بیس یوم از تاریخ استفادہ بغرض درستی تنخواہ مصدقہ آڈٹ سیکشن۔

حکم

حسب اتفاق فائنانس مصطفیٰ علی کامدار مشاہرہ پابست ۱۵ ماہوار کی رخصت علالتی بیس یوم از ۱۹ ستمبر لغایت ۸ اکتوبر ۱۹۳۶ء منظور ہے بغرض اجراء احکام ضابطہ بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر مرسلہ ہو - ۲۹ ستمبر ۱۹۳۶ء

دستخط ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

بحالی

رام بھروسے لال اسسٹنٹ کلرک محکمہ زراعت ۲۵ ستمبر ۱۹۳۶ء سے معطل ہے اسکے کام کی جانچ کی رپورٹ پیش کردہ پیشکار محکمہ ملاحظہ ہوئی اسسٹنٹ کلرک مذکور نے رقومات متفرقات دفتر میں پہونچانے میں اکثر تاخیر کی ہے اس کا یہ عمل قابل تدارک و انسداد ہے کلرک مذکور نے ضمانت جائدادی قیمتاً روپیہ داخل کردی ہے لہذا رام بھروسے لال اسسٹنٹ کلرک کو ۳ اکتوبر ۱۹۳۶ء سے بشرائط تحت بحال کیا جاتا ہے۔

(۱) تنخواہ ایام معطلی بحق سرکار ضبط کیجائے۔

(۲) دو ماہ یعنی اکتوبر و نومبر کے لئے تنخواہ میں ایک روپیہ ماہوار تنزل کیا جائے۔

اگر آئندہ رام بھروسے لال نے کوئی موقع شکایت کا دیا تو اسے سخت سزا دیجائیگی اور کوئی عذر مسموع نہوگا۔

تحریر صادر اجرائے احکام ضابطہ بخدمت

ڈپٹی اسکریٹری صاحب صدر مرسلہ ۵ر اکتوبر ۱۹۳۶ء

دستخط ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

پروگرام دورہ

پروگرام دورہ ورنری انسپکٹر و ڈاکٹر مویشیان برائے

ماہ اکتوبر ۱۹۳۶ء

۵ر اکتوبر	متوالی و مواضعات
۷ر ,,	گولار
۹ر ,,	ٹانا کھیڑہ
۱۱ر ,,	بلاسپور
۱۳ر ,,	شاہ آباد
۱۵ر ,,	ملک
۱۸ر ,,	بھوٹا
۲۱ر ,,	پٹوائی
۲۳ر ,,	دھموڑا
۲۴ر ,,	سوار
۲۶ر ,,	کنگروا
۲۸ر ,,	ٹانڈہ

۵ر اکتوبر ۱۹۳۶ء دستخط ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

حکم اجلاس سول جج صاحب

حکم

۱۰ر اکتوبر ۱۹۳۶ء

مثل نمبر ۲۵ منفصلہ ۱۰ر اگست ۱۹۳۶ء

سید ناصر علی ولد سید ذاکر علی قوم سید ساکن رامپور محلہ تھانہ

بجیانی سائل

بنام

سید محمد حسن ولد سید ولایت علی قوم سید پیشہ ملازمت ساکن رامپور محلہ تھانہ بجیانی و رام آدھے لال ولد چھیبر داس ساکن محلہ کوچہ چھیپر داس و بجلی نرائن ولد موتی رام بزاز دوکاندار متصل جامع مسجد و رام کشن داس ولد شب نرائن داس صراف دوکاندار بازار نوردہ و ممتاز حسین بزاز پنجابی دوکاندار مسٹن گنج و محمد شفیع شو میکر کارخانہ الفت فیکٹری متصل مسٹن گنج و محمد جمیل ولد حافظ محمد ابراہیم پنجابی دوکاندار جامع مسجد و اشرفی لال دوکاندار بازار مسٹن گنج و رام ایسری پنساری دوکاندار مسٹن گنج فریق ثانیان

درخواست سائل منظور ہے پس مثل کو دیوانی مقدمہ درجہ رجسٹر سے قطعاً بری کیا جاتا ہے۔

دستخط سول جج صاحب

نقشہ بارش ہفتہ وار سن ابتدا ۲۷ ستمبر لغایت ۳ اکتوبر ۱۹۳۷ء ریاست رامپور۔

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد آج کا	از ابتدا	تعداد آج کا	از ابتدا	تعداد آج کا	از ابتدا	تعداد آج کا	از ابتدا	تعداد آج کا	از ابتدا	تعداد آج کا	از ابتدا
۲۷ ستمبر ۱۹۳۷ء یوم دوشنبہ	۰	۲۷۷ ۳/۴	۰	۲۲۲	۰	۳۱۴	۰	۱۹۳ ۱/۴	۰	۱۹۷ ۱/۲	۰	۲۶۴
۲۸ ستمبر ۱۹۳۷ء یوم سہ شنبہ	۰	۲۷۷ ۳/۴	نقشہ نہیں آیا		۰	۳۱۴	نقشہ نہیں آیا		۰	۱۹۷ ۱/۲	۰	۲۶۴
۲۹ ستمبر ۱۹۳۷ء یوم چہارشنبہ	۰	۲۷۷ ۳/۴	بشرح صدر		۰	۳۱۴	بشرح صدر		۰	۱۹۷ ۱/۲	۰	۲۶۴
۳۰ ستمبر ۱۹۳۷ء یوم پنجشنبہ	۰	۲۷۷ ۳/۴	بشرح صدر		۰	۳۱۴	بشرح صدر		۰	۱۹۷ ۱/۲	۰	۲۶۴
یکم اکتوبر ۱۹۳۷ء یوم جمعہ	۰	۲۷۷ ۳/۴	بشرح صدر		۰	۳۱۴	بشرح صدر		۰	۱۹۷ ۱/۲	۰	۲۶۴
۲ اکتوبر ۱۹۳۷ء یوم شنبہ	۰	۲۷۷ ۳/۴	بشرح صدر		۱۰	۳۱۴	بشرح صدر		۰	۱۹۷ ۱/۲	۱۲	۲۷۶
۳ اکتوبر ۱۹۳۷ء یوم یکشنبہ	۳	۲۸۰ ۳/۴	بشرح صدر		نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا	

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابت ہفتہ اوّل ماہ اکتوبر ۱۹۳۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰۵ ار ۰۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۰۱۰ ار	۱۱ ار	۱۰ ار	
نخود خالص	۱۵ ار ۱۶ ار	۱۶ ار	۱۷ ار	۱۶ ار	۰۱۶ ار	۱۶ ار	
نخود کشتہ آمیز	۱۶ ار ۱۷ ار	۱۶ ار	۰۱۷ ار	۰۱۶ ار	۱۷ ار	۱۷ ار	
کت	۱۷ ار ۰۱۷ ار	۰۱۷ ار	۱۸ ار	۱۶ ار	۱۸ ار	۱۸ ار	
ماش	۰۹ ار ۰۱۰ ار	۱۰ ار	۹ ار	۰۹ ار	۰۹ ار	۹ ار	
مونگ	۶ ار ۷ ار	۰۷ ار	۰	۶ ار	۰	۹ ار	
مکا	۱۶ ار ۰۱۷ ار	۰۱۵ ار	۱۶ ار	۱۷ ار	۰۱۶ ار	۱۶ ار	
جئی	۰۱۶ ار ۰۱۶ ار	۰	۰	۱۶ ار	۲۲ ار	۲۰ ار	
گوجئی	۰	۰	۰	۱۳ ار	۱۶ ار	۱۷ ار	
عدس	۰۱۳ ار ۱۵ ار	۱۱ ار	۰	۰۱۲ ار	۱۳ ار	۱۲ ار	
ارہر	۱۰ ار ۱۱ ار	۱۱ ار	۰	۱۰ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	
برنج	۷ ار ۸ ار	۷ ار ۸ ار	۰۷ ار	۸ ار	۸ ار	۸ ار	
روغن زرد	۰۱۳، ۱۲ چھٹانک	۱۲ چھٹانک	۱۲ چھٹانک	۱۱، ۱۱ چھٹانک	۰۱۲ چھٹانک	۰۱۲ چھٹانک	
روغن سیاہ	۲ ار	۰۲ ار	۲ ار	۲ ار	۰۲ ار	۲ ار	
روغن کنجد	۰۱ ار ۱ ار	۰۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار		
نمک سانبھر	۰۱۰ ار ۱۱ ار	۱۱ ار	۱۰ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	
نمک لاہوری	۷ ار	۷ ار	۷ ار	۸ ار	۰	۸ ار	
قند سیاہ	۰۹ ار ۷ ار	۰۸ ار	۸ ار	۸ ار	۹ ار	۱۰ ار	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور